ادعونی استجب لکم (القرآن)

اذا قال الامام سمع اللہ لمن حمدہ فقولو اللھم ربنا ولک الحمد (الحدیث)

## الرسالۃ المسماۃ

# نشاط العبد بجہر ربنا ولک الحمد


مؤلف:

علامہ سید ابو محمد بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ



ناشر: مکتبۃ الدعوۃ السلفیہ

میمن کالونی مٹیاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

*** توجہ فرمائیں ***

کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب۔۔۔

* عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
* مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد اَپ لوڈ [UPLOAD] کی جاتی ہیں۔
* متعلقہ ناشرین کی تحریری اجازت کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔
* دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات کی نشر و اشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

**** تنبیہ ****

** کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب کسی بھی الیکٹرانک کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
** ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

نشر و اشاعت اور کتب کے استعمال سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں :

ٹیم کتاب و سنت ڈاٹ کام

webmaster@kitabosunnat.com

www.kitabosunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ادعونی استجب لکم

اذا قال الامام سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا اللھم ربنا ولک الحمد

الرسالة المسماة

# نشاط العبد

بجہر

# ربنا ولک الحمد

مؤلف

علامہ سید ابی محمد بدیع الدین شاہ راشدی رحمة اللہ علیہ

ناشر

مکتبہ دعوة السلفیہ

میمن کالونی مٹیاری، سندھ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سلسلہ مطبوعات دعوۃ السلفیہ - ۱۲

نام کتاب: نشاط العبد بجہر ربنا ولک الحمد
مؤلف: علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی
تعداد: ایک ہزار
اشاعت اول: اپریل ۱۹۹۷ء
کمپوزنگ: السند کمپوزر - گاڑی کھاتہ، حیدر آباد
قیمت: ۲۰ روپے
ناشر: مکتبہ دعوۃ السلفیہ، میمن کالونی ٹنڈو باری، سندھ

ملنے کا پتہ

المکتبۃ الراشدیہ آزاد پیر جھنڈہ - نیو سعید آباد
احسان بک ڈپو، مین روڈ نیو سعید آباد
قاضی عبد الحق انصاری، انصاری محلہ ہالہ
مکتبۃ السلفیہ شیش محل روڈ لاہور
مکتبۃ السنہ ۱۸ - سفید مسجد، سولجر بازار کراچی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ابتدائیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خاتم النبیین وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین.

اما بعد!

عظیم لوگ روز روز پیدا نہیں ہوتے بلکہ چرخ نیلی فام کی ہزار سالہ گردش اور خورشید جہاں تاب کی لاکھوں ضیاء پاشیوں کے بعد کوئی بطل جلیل، عظیم سپوت اور دانائے راز جنم لیتا ہے۔ جس کے تذکرے ہر خاص و عام کی زبان زد ہوتے ہیں۔ ایسی شخصیات کا نام تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جاتا ہے۔ صدیوں کے گذرنے کے باوجود ان کی یادیں دل وروح کے ہر گوشۂ تاریک کو اپنی تنویر سرمدی سے درخشندگی و تابندگی بخشتی رہتی ہیں اور آنے والی نسلیں انہیں اپنے لئے مشعل راہ بنا کر اپنے حیات علمی میں پیش آنے والی پیچیدگیوں اور نشیب و فراز سے بطریقِ احسن نبرد آزما ہونے کا حوصلہ دیتی ہیں۔

علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمتہ اللہ علیہ بھی موجودہ صدی کی ایسی شخصیت ہیں، جن کو ان کی علمی و دینی خدمات کے باعث علمی حلقوں میں صدیوں یاد رکھا جائے گا۔ علامہ مرحوم کی علمی حیثیت سے عالم اسلام آگاہ ہے آپ بہت بلند پایہ عالم دین، عربی، سندھی، اردو، اور فارسی زبان کے ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ ادب ولغت پر دسترس رکھتے تھے۔ آپ فن تفسیر کے رموز شناس اور حدیث پر گہری نظر رکھنے والے، تاریخ و اسماء الرجال، جرح و تعدیل کے ساتھ ساتھ فن تحقیق و تنقید کے اصولوں غرض ہر شعبۂ علم پر دسترس کے حامل تھے۔ ان کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جذب و قبول کا یہ عام تھا کہ ایک عبارت نظر سے گذر جائے تو وہ اس کے اسرار و رموز سے واقفیت کے حامل ہوجاتے تھے اور وہ ان کے لوح دل و دماغ پر ہمیشہ کے لیے نقش ہوجاتی۔ آپ جب آمادہ تحریر ہوتے تو ان کے قلم سے افہام و تفہیم کے ایسے موتی آشکارہ ہوتے کہ ابلاغ کا حق مکمل طور پر ادا ہوجاتا۔ آپ کی علمیت کا اندازہ، آپ کی تحریر و تقریر سے بخوبی ہوتا ہے۔ جب کبھی کسی مسئلہ پر اظہار خیال کرتے تو دلائل کے ڈھیر لگا دیتے، جس کے نتیجہ میں سامع و قاری ان کی علمی و تحقیقی قابلیت کا معترف نظر آتا ہے جس کا واضح ثبوت ان کی مختلف اللسان ۱۵۰ تصانیف اور خطبات و تقاریر سے ہوتا ہے۔

زیر نظر کتاب "**نشاط العبد بالجهر ربنا ولک الحمد**" بھی آپ کی ان ضیاء پاشیوں کی ایک جیتی جاگتی تصویر ہے۔ جس کے پڑھنے سے ان کی صلاحیتوں کا اعتراف روز روشن کی طرح عیاں ہوتا ہے۔ جس میں مذکورہ مسئلہ کے علاوہ ضمناً کئی اور علمی مباحث بھی زیر بحث آئے ہیں جن سے اہل علم استفادہ کرسکتے ہیں۔

**مکتبہ دعوۃ السلفیہ مٹیاری** نے آپ کی تصانیف کو افادہ خاص و عام کی غرض سے اشاعت و طباعت کا پروگرام بنایا ہے یہ کتاب بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے اب یہ ہمارا فرض قرار پاتا ہے کہ ہم اپنے اکابرین و اسلاف کے علمی و تحقیقی کارہائے نمایاں چمن سے خوشبو حاصل کریں۔ بصورت دیگر ہمارے تغافل عارفانہ کے نتیجہ میں اس عظیم ذخیرہ علم و تحقیق کے ضائع ہونے کا احتمال ہے اس علمی اور تحقیقی ذخیرے کی اشاعت ہم سب کا اولین مقصد ہونا چاہیے، کیونکہ فرد واحد اس کام کو ادا کرنے سے قاصر ہے تو پوری اہل حدیث جماعت پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس اشاعتی پروگرام کی تکمیل میں دامے، درمے، سخنے اپنا کردار ادا کرے اور اپنے محسن امیر علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ، جن کی زندگی کا اولین مقصد علمائے حق کا وہ مکتبہ فکر و جماعت تھی جسے تاریخ "اہل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حدیث" کے نام سے موسوم کرتی ہے اور جنہوں نے پوری زندگی اپنی ذہنی، جسمانی صلاحیتوں کو اس جماعت کی بقا کے لیے وقف کردیا تھا، ان کی تصانیف کو منظر شہود پر لانے کے لیے تعاون کرے۔

احقر حضرت الامیر محترم **پروفیسر علامہ عبداللہ ناصر رحمانی** حفظہ اللہ تعالیٰ کا بھی مشکور ہے جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود اس کتاب پر جامع اور علمی تقریظ لکھ کر اس کتاب کی افادیت کو چار چاند لگائے (جزاہ اللہ احسن الجزا)

میں ان سب احباب جماعت کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے کتاب کی اشاعت میں دامے، درمے، سخنے تعاون فرمایا (جزاھم اللہ فی الدارین)

آخر میں دعاگو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صراط مستقیم پر چلنے اور نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ پر عمل کرنے اور ان کے پیغام کو دیگر تک پہنچانے کی ہمت واستطاعت دے۔ آمین۔

والسلام

خادم العلم و العلماء حق

احقر العباد

۱۳ اپریل سنہ ۱۹۹۷ء

عبدالرحمن میمن

مدیر

**مکتبہ الدعوۃ السلفیہ**

میمن کالونی مٹیاری

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# تقریظ

از: پروفیسر عبداللہ ناصر رحمانی
امیر جمعیت اہل حدیث سندھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم.

اما بعد!

زیر نظر رسالہ بنام "نشاط العبد بجهر ربنا ولک الحمد" پیش خدمت ہے۔ یہ رسالہ شیخ العرب والعجم علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمہ اللہ کی تالیف لطیف ہے۔ اس رسالہ کا موضوع یہ ہے کہ رکوع سے کھڑے ہو کر پڑھنے والی دعا "ربنا ولک الحمد ...." جہر سے پڑھنی چاہیئے۔ شاہ صاحب رحمۃ اللہ نے احادیث صحیحہ اور سلف صالحین کے آثار سے اپنا یہ موقف مدلل و مبرہن فرمایا ہے۔

اس رسالہ کو بنظر انصاف پڑھنے والا یقیناً اس کا عامل ہوئے بغیر نہیں رہے گا۔ اس سلسلہ میں دو باتوں کی وضاحت ضروری سمجھتا ہوں:

پہلی بات یہ ہے کہ جہر سے کیا مراد ہے؟ جہر کا معنٰی السماع الغیر ہے۔ یعنی اتنی بلند آواز سے پڑھ لیا جائے کہ کوئی دوسرا سن لے۔ چنانچہ بحالت نماز اگر آپ کے برابر میں کھڑا ہوا شخص آپ کی آواز (ربنا و لک الحمد ......) سن لے تو جہر کا حق ادا ہوسکتا ہے۔ چنانچہ اس کے لئے ضروری نہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے کہ بہت ہی گلا پھاڑ کر کہا جائے۔ کیونکہ آمین جہر کے متعلق مسجد کے گونج جانے کی جو روایات ملتی ہیں وہ (ربنا ولک الحمد ......) کے جہر کے متعلق نہیں ملتیں۔ لہذا السماع الغیر کی حد تک جہر ہونا چاہیئے۔ (واللہ اعلم)

دوسری بات یہ ہے کہ یہ کوئی نیا مسئلہ نہیں ہے۔ بہت سی احادیث سے ثابت ہے۔ صحابہ کرام کا عمل بھی ملتا ہے بعض علاقوں میں تو اس عمل کا خوب اہتمام ہے۔ بنگال کے علاقوں میں ہم نے ہر مسجد میں یہ عمل دیکھا ہے۔ بہار کے علاقوں کے متعلق بھی اس سنت پر عمل کی بات سنی ہے۔ سندھ کے علماء میں الشیخ المحدث علامہ محب اللہ شاہ راشدی رحمہ اللہ بھی اس کے عامل تھے۔ ایک روز مفکر اسلام حافظ محمد عبداللہ صاحب بہاولپوری رحمہ اللہ علیہ سے اس خواہش کا اظہار سنا کہ یہ مسئلہ ثابت ہے اور بیان کرنے کو دل چاہتا ہے لیکن بوجوہ بیان نہیں کرسکا۔

بہرحال اللہ تعالیٰ ہمیں مکمل متبع سنت بنادے۔ اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا شھادۃ وصلی اللہ علیٰ نبینا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

عبداللہ ناصر رحمانی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللهم ربنا ولک الحمد حمداً کثیراً طیباً مبارکًا فیه امتثالاً بقولک سمع الله لمن حمده علیٰ لسان نبیک النبیه صلواتنا تحمیدک وتمجیدک وتکبیرک وتسبیحک والتوجیه فنحن حمادون لک وانت محمودنا لامثیل لک ولا شبیه ونصلی ونسلم علیٰ اکمل الحامدین رسولک محمد احمد الوجیه بیده لواء حمدک فمن قام تحته فقد افلح وله عیش رفیه ومن تولی فقد اقرح وله ضریع کریه. مع آله واهله وصحبه المحسودین لعدوک العتیه واتباعهم الی یوم یمیز بین الفقیه والسفیه ویوزن بین الحقائق والترادیه.

اما بعد! ارباب رکوع و عبادت واصحاب خشوع و ریاضت کی خدمت بابرکت میں عرض ہے کہ، نماز اللہ تعالیٰ کی خالص حمد کا نمونہ ہے۔ جب بندہ رکوع سے سیدھا ہوتا ہے تو سمع اللہ لمن حمدہ کہتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ جس بندے نے اپنے رب کی تعریف کی تو وہ اس کو سنتا ہے، یعنی قبول فرماتا ہے۔ یہ جملہ جواب کا مقتضی ہے یعنی اس کے عقب میں جوابی طور پر خدا کی حمد کرنا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ضروری ہے، کیونکہ اس وقت قبولیت ایزدی منتظر ہوتی ہے۔ اس لئے جواب میں: اللهم ربنا لک الحمد (اے اللہ ہمارے پرودگار تیرے لئے حمد ہے) کہنا مشروع ہوا۔ چونکہ اس ترتیب سے ظاہر ہوا کہ یہ جواب اس جملہ کا تابع ہے، لہذا جو حکم متبوع کا ہوگا وہی تابع کا ہونا چاہیئے۔ یعنی اگر متبوع جہراً ہے تو تابع بھی جہراً اور سراً ہے تو یہ بھی سراً ہونا چاہئیے۔ جیسا کہ آمین قراۃ کی تابع ہے۔ مگر بایں ہمہ فی زمانہ اکثر جگہ پر اس کے خلاف عمل ہورہا ہے، بلکہ دیکھا گیا ہے کہ بعض اهل العلم جہراً ربنا ولک الحمد کہنے کو ناپسند کرتے ہیں، حتاکہ بعض تو جہراً کہنے والوں کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اگرچہ علماء سے ایسا ہرگز متوقع نہ تھا، مگر کیا کیا جائے۔

نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی

اسی حالت کے مدنظر اس مختصر رسالہ موسوم "نشاط العبد بجهر ربنا ولک الحمد" میں چند احادیث و آثار جمع کئے جاتے ہیں۔ اس میں دو باب اور خاتمہ ہے۔ خداوند جل جلالہ سے دعا ہے کہ اس کو قارئین کے لئے طریقہ ہدایت اور میرے لئے ذریعہ نجات بنائے۔

ع ویرحم اللہ رجلاً قال آمینا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب اول
# احادیث مرفوعہ کے بیان میں

## پہلی حدیث شریف

عن ابی هريرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا قال الامام سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد فانه من وافق قوله قول الملائكة غفر له ماتقدم من ذنبه

ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام سمع الله لمن حمدہٗ کہے تو تم اللهم ربنا لك الحمد کہو کیونکہ جس کا قول فرشتوں کے (اس طرح کہنے سے موافق ہوگیا (یعنی مل گیا) تو اس کے گذشتہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

(بخاری ص۱۰۹ ج۱، مسلم ص۱۷٦ ج۱ مع النووی، نسائی ص۱۷۲ ج۱، ابوداؤد ص۱۲۴ ج۱، ترمذی ص٦٦ ج۱، ابو عوانہ ص۱۷۹ ج۲، طحاوی ص۱۴۰ ج۱، بیہقی ص۹۵ ج۲، ابن ابی شیبہ ص۱۷۴ ج۱ قلمی)

**تشریح:** یہاں لفظ قولوا (کہو) بلا قید وارد ہے لہٰذا بموجب قاعدہ محمول علی الجہر ہوگا۔

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ:

والقول اذا وقع به الخطاب مطلقًا حمل على الجهر

جب مطلقاً (بلاقید سر و جہر) قول سے خطاب وارد ہو جہر ہی پر محمول

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ومتیٰ ارید به الاسرار او حدیث النفس قید بذلک (فتح الباری ص۲٦٧ ج۲)

ہوگا اور جب آہستہ یا دل میں پڑھنا مراد ہوتا ہے تو ایسی قید لگائی جاتی ہے۔

چونکہ یہاں بھی کوئی قید نہیں لھذا جھراً کہنا مراد ہوگا، بناءً علیہ اس حدیث کے راوی ابوھریرہ خود جھراً کہتے تھے جیسا کہ انشاءاللہ باب دوم میں ذکر ہوگا۔ والراوی ادری بمرویہ۔

مثال: سید المحدثین حضرت امام بخاری اپنی صحیح ص۱۰۸ ج۱ ایں باب رکھتے ہیں کہ: باب جھر الماموم بالتامین (یہ باب مقتدی کے آمین بالجھر کہنے کے بیان میں ہے) یا پھر دلیل میں یہ حدیث ذکر فرماتے ہیں کہ:

اذا قال الامام غیر المغضوب علیھم ولا الضآلین فقولوا آمین

جب امام غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔

بظاہر اس حدیث میں جھر کا ذکر نہیں ہے مگر شراح ابن حجر و قسطلانی وغیرہ یہ وجہ بتاتے ہیں کہ بلاقید قول کے ساتھ خطاب وارد ہے۔

ناظرین! دونوں روایتوں میں ایک جیسے الفاظ ہیں لھذا امام موصوف کے استدلال کو صحیح ماننے والا ہمارے استدلال کو ہرگز غلط نہیں کہہ سکتا۔

سوال: آمین کے لئے دوسری احادیث وارد ہیں یہ ان سے ملکر دلیل بنتی ہے۔

جواب: اولاً امام بخاری نے صرف اسی ایک کو دلیل بنایا ہے اور دوسری روایات

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ان کے صحیح کے شرط پر نہیں تھیں۔

**ثانیاً:** محدثین اس حدیث کو تنہا بلاتائید دوسری روایات کے، مستقل دلیل مانتے ہیں۔

**ثالثاً** وعلی التقدیر مسئلہ فیما نحن کے لئے بھی دوسری روایات موجود ہیں۔ کما ستعرفہ انشاء اللہ تعالیٰ۔

سوال: فتح الباری میں آمین کی دلیل کے لئے تین اور وجوہ بھی مذکور ہیں؟

جواب: وہی وجوہ یہاں بھی کار آمد ہیں، کمالا یخفی علیٰ من تامل فیھا۔

**ثانیاً:** ایک وجہ کا مطابق ہونا بھی استدلال کے درست ہونے کے لئے کافی ہے۔

سوال: نماز میں درود کے لئے بھی قولوا وارد ہے۔

جواب: لیکن درود تشہد کے تابع ہے اور تشہد کا اخفاء کرنا ہی سنت ہے (مشکواۃ ص۸۵) فحکم التابع کمتبوعہ اسی طرح جس جگہ قولوا سے آہستہ مراد ہوگی کوئی قرینہ ضرور موجود ہوگا۔

## دوسری حدیث شریف

| | |
|---|---|
| عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم (وفی حدیثہ) اذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا ربنا ولک الحمد الحدیث. | انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا ولک الحمد کہو۔ |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(بخاری ص۱۰۱ ج۱، نسائی ص۱۴۲ ج۱، مسلم ص۱۷۴ ج۱ مع النووی، ترمذی ص۵۹ ج۱، ابن ماجه ص۱۴۲ ج۱، ابو عوانه ص۱۰۶ ج۲، عبد بن حمید ص۱۵۱ المصور، طیالسی ص۲۸۰، حمیدی ص۵۰۲ ج۲)

## تیسری حدیث شریف

عن ابی موسی قال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم خطبنا فبین لنا سنتنا وعلمنا صلواتنا فقال اذا صلیتم فاقیموا صفوفکم ثم لیؤمکم احدکم فاذا کبر فکبروا واذا قال غیر المغضوب علیهم ولا الضالین فقولوا آمین یحببکم الله فاذا کبر ورکع فکبروا وارکعوا فان الامام یرکع قبلکم ویرفع قبلکم فقال رسول الله صلی الله علیه

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ہمیں طریقہ بتایا اور نماز سکھائی۔ فرمایا کہ جب تم نماز پڑھنے لگو تو صفیں سیدھی بناؤ اور تم میں سے ایک امامت کرائے پھر جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو تاکہ اللہ آپ سے محبت کرے۔ پھر جب امام تکبیر کہہ کر رکوع کرے تو تم بھی تکبیر کہہ کر رکوع کرو (یعنی امام سے سبقت نہ کرو) کیونکہ امام (کی شان یہ ہے کہ) تم

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وسلم فتلک بتلک واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا اللھم ربنا لک الحمد یسمع اللہ لکم فان اللہ قال علی لسان نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع اللہ لمن حمدہ الحدیث

(مسلم ص۱۷۴ ج۱ النووی، ابو عوانہ ص۱۲۸ ج۲، محلی ص۲۵۸ ج۳، مصنف ابن ابی شیبہ ص۱۷۴ ج۱، طحاوی ص۱۴۰ ج۱، بیہقی ص۹۶ ج۲)

سے قبل رکوع کرتا اور سر اٹھاتا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ یہ ساعت (امام کے سیدھے ہونے تک رکوع میں ٹھہرنا) اس ساعت (اس کے رکوع کرنے تک قیام میں رہنے) کے عوض ہے اور جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللھم ربنا لک الحمد کہو، خدا تمہاری سنے (یعنی قبول فرمائے) گا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کہلوا دیا ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کی حمد کرے گا خدا اس کی سنے گا۔

**تشریح:** یہاں آمین و دعا دونوں کے لئے قول سے خطاب ہے، اس سے آمین بالجہر کا بھی حکم لیا جاتا ہے، لہذا یہ حکم بھی صحیح ہے۔ نیز اس میں دونوں کی فضیلت وارد ہے، جسے کوئی مسلمان نہیں بھلا سکتا۔ ایضاً یہ بھی ثابت ہوا کہ یہ دعا سمع اللہ لمن حمدہ کا جواب ہے۔

**سوال:** اس حدیث میں مقتدیوں کو تکبیر کہنے کا حکم ہے کیا وہ بھی جھراً کہیں؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جواب: یہاں لفظ کبروا ہے قولوا نہیں ہے اور مذکورہ قاعدہ صرف باب القول کے لئے ہے۔

## چوتھی حدیث شریف

| | |
|---|---|
| حدثنا هشام بن عمار ثنا سفیان عن الزهری عن انس بن مالک ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا قال الامام سمع الله لمن حمده فقولوا ربنا ولک الحمد (ابن ماجه ص۶۲ ج۱) | انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام سمع الله لمن حمده کہے تو تم ربنا ولک الحمد کہو۔ |

سوال: راوی ھشام بن عمار متغیر الحفظ ہے۔

جواب: حضرت انس کی ایک صحیح روایت ابھی گذر چکی ہے لھذا یہ روایت اس کے ساتھ قوت پکڑ کر حسن بن جاتی ہے کما تقرر فی الاصول۔

ثانیاً: اس روایت میں ابو خیثمہ نے ھشام کی متابعت کی ہے: ففی صحیح ابن حبان اخبرنا ابویعلی حدثنا أبو خیثمة حدثنا سفیان عن الزهری عن انس فذکره کذا فی موارد الظمان للهیثمی ص۱۲۷ وهکذا فی مسند ابی یعلی الموصلی ص۱۵۵ ج۲ قلمی اور امام احمد نے مسند ص۲۳۰ ج۲ میں اور ابن ابی شیبہ نے مصنف

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ص ۲۵۲ - ۲۵۳ ج ۱ میں بھی اس کی متابعت کی ہے۔

سوال: سفیان بن عیینہ مدلس ہے اور عن الزہری کہتا ہے۔

جواب: ابن عیینہ کی تدلیس مرتبہ ثانیہ کی ہے اور محدثین کے نزدیک اس کی معنعن روایت مقبول ہے، کما فی طبقات المدلسین لابن حجر ص ۲۔

ثانیاً: حافظ ذہبی کتاب "ذکر اسماء من تکلم فیه وهو موثق" میں لکھتے ہیں کہ ابن عیینہ غیر ثقہ سے تدلیس نہیں کرتا۔

ثالثاً: متابعت کی صورت میں یہ شبہ نہیں رہتا۔ کما تقرر فی مقره، فقد تابعه عن الزهری معمر عند الحمیدی وزمعة عند الطیالسی ومالک عند الدارقطنی

ورابعاً: خود ابن عیینہ نے ایک روایت میں سماع کی تصریح کردی ہے۔ مسند الحمیدی ص ۲۰۲ (قلمی) میں ہے: حدثنا الحمیدی قال ثنا سفیان قال ثنا الزهری قال سمعت انس بن مالک فذکره. پس حدیث متصل رہی۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ:

| | |
|---|---|
| وقد علم من قاعدة المحدثین ان المدلس اذا روی حدیثه من طریقین قال فی احدهما "عن" وفی الاخریٰ "حدثنی" او اخبرنی کان الطریقان | قواعد محدثین سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر مدلس راوی کی حدیث جب دو سندوں سے مروی ہو اور وہ ایک میں "عن"، دوسری میں "حدثنی" یا "اخبرنی" کہتا ہے تو دونوں سندیں |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صحیحین و حکم باتصال الحدیث. (شرح المهذب ص۳٦٦ ج۳)

صحیح ہوں گی اور حدیث متصل کے حکم میں ہوگی۔

پس اس روایت کی صحیح ہونے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہا۔ بلکہ یہ

## پانچویں حدیث شریف

اس مسئلہ کے لئے سمجھنی چاہیے کیونکہ دونوں طریقے صحیح ہوئے۔

## چھٹی حدیث شریف

عن ابی هریرة قال قال النبی صلی الله علیه وسلم انما جعل الامام لیوتم به فاذا کبر فکبروا واذا رکع فارکعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا ربنا ولک الحمد.

ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی متابعت کی جائے۔ پس جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو، جب سمع الله لمن حمده کہے تو تم ربنا ولک الحمد کہو۔

(بخاری ص۱۰۱ ج۱، مسلم مع النووی ص۱۷۷ ج۱ مصنف ابن ابی شیبه (قلمی) ص۱۷۲ ج۱، صحیح ابوعوانه ص۱۰۹ ج۲، بیهقی ص۱۸ ج۲، مسند احمد ص۲۳۰ ج۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ساتویں حدیث شریف

حدثنا ابو الحسن محمد بن احمد الحنظلی ببغداد ثنا ابوقلابة الرقاشی ثنا ابوعاصم ثنا سفیان عن عبداللہ بن ابی بکر عن سعید بن المسیب عن ابی سعیذ الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قال الامام اللہ اکبر فقولوا اللہ اکبر واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا ربنا ولک الحمد.

(مستدرک الحاکم ص۲۱۵ ج۱)

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام اللہ اکبر کہے تو تم اللہ اکبر کہو اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا ولک الحمد کہو۔

سوال: سفیان ثوری مدلس ہے اور عن سے روایت کرتا ہے۔

جواب: اولاً اس کی عنعن بوجہ مرتبہ ثانیہ ہونے کے معتبر ہے۔ قال ابن حجر فی طبقات المدلسین ص۲۔

ثانیاً یہ حدیث دوسری سند سے بھی مروی ہے جیسے اگلی حدیث میں ذکر ہوگا۔ متابعت تدلیس کے شبہ کو دور کر دیتی ہے۔ اس لئے حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے اور ذہبی نے تلخیص میں اس کی موافقت کی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سوال: یہاں اللہ اکبر کے لئے قول سے مطلق خطاب وارد ہے۔

جواب: اگرچہ یہاں بظاہر مطلق ہے مگر ایسا قرینہ پایا جاتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقتدیوں کو تکبیرات آہستہ کہنی چاہئیں۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض وفات کی نماز کے بیان میں ہے کہ:

| | |
|---|---|
| ابوبکر یسمع الناس التکبیر (بخاری ص۹۹ج۱، مسلم مع النووی ص۱۷۹ج۱) | ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف بحیثیت مقتدی کھڑے تھے تکبیر (جہراً کہہ کر) لوگوں کو سنا رہے تھے۔ |

ابوعوانہ میں یہ لفظ ہیں کہ:

| | |
|---|---|
| اذا کبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبر ابوبکر لیسمعنا (صحیح ابو عوانہ ص۱۰۹ ج۲) | جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر فرماتے تو ابوبکر بھی ہمارے سنانے کے لئے تکبیر کہتے تھے۔ |

اس سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صحابہ کرام تکبیرات آہستہ آہستہ کہتے تھے، کیونکہ یہاں ابوبکر کا بحیثیت ماموم ہونے کے جہراً تکبیرات کہنا خاص ایک علت (یعنی سنانے) کے لئے تھا نہ کہ عادۃً۔ پس صحابہ کا آپ کے پیچھے جہراً تکبیرات نہ کہنا آپ ہی کے حکم سے تھا نہ تو کم از کم آپ کی تقریر (ثابت رکھنا) ہی کافی ہے۔ یہ قرینہ بتاتا ہے کہ تکبیرات جہراً کہنے کا مقتدیوں کو حکم اس حدیث میں نہیں پس اس مسئلہ کو مسئلہ مانحن پر اعتراض کا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بہانہ نہیں بنایا جاسکتا۔ فافہم۔

## آٹھویں حدیث شریف

حدثنا ابوبکر نا یحی بن ابی بکیر قال نا زھیر بن محمد عن عبداللہ بن محمد بن عقیل عن سعید بن المسیب عن ابی سعید الخدری انه سمع النبی صلی اللہ علیه وسلم یقول اذا قال امامکم سمع اللہ لمن حمده فقولوا اللھم ربنا لک الحمد

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے سنا کہ تمہارا امام جب سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللھم ربنا لک الحمد کہو اور ابن ماجہ کی حدیث میں واو کے ساتھ ولک الحمد ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبه قلمی ص۱۴۲ ج۱ واخرجه البیھقی فی سننه ص۱۶ ج۲ من هذا الطریق عن یحیٰ مطولاً نحوه واخرجه ابن ماجه فی سننه ص۱۳ بهذ السند عن ابن ابی شیبه بزیاده الواو)

## نویں حدیث شریف

حدثنا ابوطالب الحافظ ثنا محمد بن یزید بن محمد بن عبدالصمد ثنا یحییٰ بن عمرو بن عمارة سمعت ابن ثابت بن ثوبان یقول حدثنی

ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام سمع

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبداللہ بن المغفل عن الاعرج عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قال الامام سمع اللہ لمن حمدہ فلیقل من وراءہ اللھم ربنا ولک الحمد

(دارقطنی ص۱۲۹ ج۱)

اللہ لمن حمدہ کہے تو اس کے پیچھے جو لوگ ہوں وہ اللھم ربنا ولک الحمد کہیں۔

## دسویں حدیث شریف

حدثنا محمد بن مھران قال حدثنا الولید قال حدثنا ابن نمیر سمع ابن شھاب عن عروۃ عن عائشۃ قالت جھر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی صلوٰۃ الخسوف بقراءتہ فاذا فرغ من قراءتہ کبر فرکع واذا رفع من الرکعۃ قال سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد ثم یعاود القراءۃ

(بخاری ص۱۴۵ ج۱، ونحوہ فی الطحاوی ص۱۳۱ ج۱، وابن ماجہ ص۹۱)

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج گرہن کی نماز میں جہر سے قراءۃ کی۔ جب قراءۃ سے فارغ ہوئے تو تکبیر کہہ کر رکوع کیا اور جب رکوع سے سر اٹھایا تو سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد کہا اور دوبارہ قراءۃ کرنا شروع کی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تشریح: اس روایت سے صراحتاً آپ ﷺ کا جہراً ربنا ولک الحمد کہنا ثابت ہوا۔ خاص طور پر جبکہ عورتوں کی صفیں پیچھے ہوتی تھیں۔ وہاں سنائی دینا جہر پر اتم دلیل ہے۔ کیونکہ اگر حضرت ام المومنین نے سنا نہیں تھا تو دور سے ایسی نسبت کیسے کردی۔

سوال: اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ پوری دعا انتقال کی ہے۔

جواب: نہیں انتقال کی دعا صرف پہلا حصہ ہے اور دوسرا حصہ حالت قیام کی دعا ہے۔ جیسے ابوہریرہؓ کی ذیل کی حدیث میں مصرح ہے کہ:

ثم يقول سمع الله لمن حمده حين يرفع صلبه من الركعة ثم يقول وهو قائم ربنا ولك الحمد الحديث بخاری ص۱۰۹ ج۱، مسلم مع النووی ص۱۶۹ ج۱ وفيه بدله عن الركوع

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) رکوع سے پیٹھ مبارک سیدھی کرتے وقت سمع الله لمن حمده اور کھڑے ہوجانے کی حالت میں ربنا ولک الحمد کہتے تھے۔

اس حدیث سے دونوں میں تفریق اور ہر ایک حصہ کا الگ الگ محل معلوم ہوا، بلکہ اس روایت سے بھی آپ ﷺ کا ربنا ولک الحمد جہراً کہنا ثابت ہوا، ورنہ ابوہریرہؓ یہ تفریق نہیں بتاسکتے اور نہ ان کو دونوں کا محل معلوم ہوتا۔ اسی طرح یہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## گیارہویں حدیث شریف

اس مسئلہ کے ثبوت کے لئے ہے۔

## بارہویں حدیث شریف

حدثنا ابو زکریا بن ابی اسحاق المزکی انبأ عبدالباقی بن قانع القاضی ببغداد ثنا اسحاق بن الحسن الحربی ثنا مسلم ابن ابراهیم ثنا عبدالله بن میسرة ثنا ابراهیم بن ابی حرة عن مجاهد عن محمد بن الاشعث عن عائشة رضی الله عنها قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یحسدونا الیهود بشیٔ ماحسدونا بثلاث التسلیم والتامین واللهم ربنا لک الحمد (بیهقی ص۵۶ ج۲)

حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہود جتنا تین باتوں میں ہمارے ساتھ حسد کرتے ہیں اتنا کسی اور چیز میں نہیں کرتے ہیں:
۱- سلام کہنا ۲- آمین کہنا ۳- اللهم ربنا لک الحمد کہنا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تشریح: اس روایت سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ خواہ آپ ﷺ کے اصحاب یہ کلمہ جھراً کہتے تھے ورنہ بصورت دیگر یہود نہ سنتے نہ ان کو حسد کرنے کا موقعہ ملتا اور اسی بناء پر اس روایت سے آمین بالجہر بھی ثابت کی جاتی ہے۔

سوال: عبداللہ بن میسرة ضعیف راوی ہے۔

جواب: اس پر اتنے شدید جروح وارد نہیں ہیں جو کہ اس کی روایت بالکل رد کردی جائے، بلکہ جروح بھی غیر مفسر واقع ہیں۔ کما فی التھذیب ص۴۸ ج۶۔ و میزان الاعتدال ص۸۱ ج۲ للذھبی بلکہ ابن حبان نے ضعفاء میں کہا ہے کہ لایحل الاحتجاج بخبرہ۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ اس کی روایت احتجاجاً نہیں مگر استشھاداً پیش کی جاسکتی ہے۔ جس طرح آمین بالجہر کی دوسری روایتوں کے ساتھ شھادت کے لئے یہ روایت پیش کی جاسکتی ہے اس طرح اس مسئلہ میں بھی شھادت کا کام دے سکتی ہے۔

سوال: راوی ابراھیم بن ابی حرة کو ساجی نے ضعیف کہا ہے؟

جواب: یہ راوی ہر گز ضعیف نہیں ہے۔ ساجی کا جرح مبہم ہے لہذا مردود ہے۔ بالخصوص جبکہ ائمہ نقاد نے اس کی توثیق کی ہے چنانچہ حافظ ذھبی میزان ص۱۴ ج۱ میں ساجی کو رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: **ولکن وثقه ابن معین واحمد وابوحاتم وزاد لابأس به** - یعنی اسکو ائمہ یحیٰی بن معین احمد بن حنبل ابو حاتم رازی نے ثقہ کہا ہے اور ابو حاتم کہتا ہے کہ اس کی روایت میں کوئی اندیشہ نہیں ہے۔ اسی طرح امام ابن عدی "کتاب الکامل" میں ساجی کو رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ **وارجوا انه لا بأس به کذا فی لسان المیزان**

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ص۴۷ ج۱ یعنی مجھے امید ہے کہ اس کی روایتوں میں کوئی اندیشہ جیسی بات نہیں ہے۔ نیز امام ابن حبان نے اسکو ثقات طبقہ ثالثہ یعنی اتباع تابعین میں شمار کیا ہے (کتاب الثقات ص۵ ج۲ قلمی) الحاصل یہ روایت مسئلہ کی اچھی طرح تائید کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

## تیرھویں حدیث شریف

اخبرنا سوید بن نصر قال اخبرنا عبدالله ابن المبارک عن انس عن الزھری عن ابی سلمة بن عبدالرحمٰن ان اباھریرة حین استخلفه مروان علی المدینة کان اذا قام الی الصلواة المکتوبة کبر ثم یکبر حین یرکع فاذا رفع رأسه من الرکعة قال سمع الله لمن حمده ربنا و لک الحمد ثم یکبر حین یھوی ساجداً ثم حین یقوم من الثنتین بعد التشھد یفعل

ابو سلمة بن عبدالرحمٰن تابعی سے روایت ہے کہ ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ کو مروان نے جب مدینہ پر خلیفہ مقرر کیا اور آپ جب فرض نماز شروع کرتے تو تکبیر کہتے اور رکوع کرتے وقت تکبیر کہتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد کہتے پھر سجدہ کو جاتے وقت تکبیر کہتے۔ پھر دو رکعت پر التحیات پڑھ کر اٹھتے تو تکبیر کہتے۔ اسی طرح ساری نماز پڑھکر جب فارغ ہوتے اور سلام

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذٰلک حتی یقضی صلواته فاذا قضیٰ صلواته وسلم اقبل علیٰ اهل المسجد فقال والذی نفسی بیده انی لاشبهکم صلواة برسول الله صلی الله علیه وسلم
(النسائی ص۱۶۸ج۱)

پھیر کر مسجد والوں (یعنی مقتدیوں) کی طرف متوجہ ہوتے تو کہتے تھے کہ اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ نماز پڑھتا ہوں۔

تشریح: اس روایت میں بھی جہر ہی معلوم ہوتا ہے کیونکہ راوی کو معلوم ہونے کا اور کوئی وجہ نہیں ہے۔ نیز ہر ایک تکبیر یا دعا کا محل بتانا بھی اسی پر دلالت کرتا ہے اور اس نماز کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے مشابہ کہنا صاف بتاتا ہے کہ یہی عمل وطریقہ کار آپ ﷺ کے زمانہ میں معتاد تھا۔

## چودھویں حدیث شریف

عن عبدالله بن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یرفع یدیه حذو منکبیه اذا افتتح الصلوٰة واذا کبر للرکوع واذا رفع رأسه من الرکوع رفعهما کذلک

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھے تو اپنے دونوں ہاتھ مبارک اپنے کولھوں تک اٹھاتے تھے اور اس طرح جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایضاً وقال سمع الله لمن حمده ربنا ولک الحمد وکان لا یفعل ذالک فی السجود (بخاری ص۱۰۲ ج۱. دارمی ص۱۵۵. نسائی ص۱۶۲ ج۱. طحاوی ص۱۳۱ ج۱)

مبارک اٹھاتے تو بھی اسی طرح ہاتھ مبارک اٹھاتے اور سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد کہتے اور سجدوں میں آپ رفع الدین نہیں کیا کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں بھی اچھی طرح مسئلہ کا ثبوت ملتا ہے۔ اس لئے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما دونوں جملوں کو اکٹھا بتاتے ہیں اور یہ ہرگز درست نہیں ہے کہ پہلے جملے کو جہر پر اور دوسرے کو سر پر محمول کیا جائے۔ اس تفریق پر کوئی دلیل نہیں ہے۔

## پندرھویں حدیث شریف

عن رفاعة بن رافع الزرقی قال کنا یومًا نصلی وراء النبی صلی الله علیه وسلم فلما رفع رأسه من الرکعة قال سمع الله لمن حمده قال رجل وراءه ربنا ولک الحمد حمداً کثیرا طیبا مبارکا فیه.

رفاعۃ بن رافع زرقی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے۔ جب آپ نے رکوع سے سر مبارک اٹھایا تو سمع اللہ لمن حمدہ کہا اور آپ کے پیچھے کسی شخص نے کہا "ربنا ولک الحمد حمداً کثیراً طیبًا مبارکًا فیه" (یعنی توہمارا رب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فلما انصرف قال من المتکلم؟ قال انا. قال رأیت بضعة وثلاثین ملکا یبتدرونها ایهم یکتبها اول (بخاری ص۱۱۰ ج۱، نسائی ص۱۴۷ ج۱، ابوداؤد ص۱۱۳ ج۱، بیهقی ص۹۵ ج۲، مشکوٰۃ ص۷۴)

ہے اور تیرے لئے تعریف ہے بجد پاک و برکت والی) جب آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) فارغ ہوئے تو فرمایا کہ کون تھا ابھی بولنے والا؟ اس نے کہا کہ میں تھا، آپ نے فرمایا کہ میں نے تیس سے اوپر فرشتوں کو دیکھا، ایک دوسرے سے جلدی کر رہے تھے کہ اس عمل کو پہلے کون لکھے۔

**تشریح:** یہ حدیث اپنے باب میں بالکل صاف ہے۔ امام نسائی نے اس پر یہ باب رکھا ہے کہ:

## باب ما یقول المأموم

**یہ باب اس بیان میں ہے کہ مقتدی رکوع سے سیدھے ہونے کے بعد کیا کہے۔**

**ناظرین!** اگر آپ ﷺ صرف اس پر سکوت فرماتے تو بھی اس فعل کے مسنون ہونے کیلئے کافی تھا۔ کیونکہ سنت تین قسم کی ہے۔ قولی، فعلی، اور تقریری۔ جس فعل پر آپ سکوت فرمائیں اس کو تقریری سنت کہا جاتا ہے، کیونکہ اس سے آپ کی رضامندی اور پسندیدگی ظاہر ہوتی ہے۔ بلکہ یہاں آپ نے اس قسم کا سوال کیا اور فضلیت و ثواب بتا کر دوسروں کو اس طرح کہنے کی ترغیب دلائی۔ حافظ ابن حجر اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والحكمة فى سواله صلى الله عليه وسلم عمن قال ان يتعلم السامعون كلامه فيقولون مثله

(فتح الباری ص۲۲۸ ج۲)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس سوال میں یہ حکمت ہے کہ دوسرے سننے والے سیکھ جائیں اور وہ بھی اسی طرح کہتے رہیں۔

سوال: یہ ایک صحابی کا واقعہ ہے؟

جواب: تو پھر کیا ہوا جب آنحضرت ﷺ نے منظور فرمایا اور اس کی فضیلت بتائی اور دوسروں کو ترغیب دلائی اس سے زیادہ اور کیا چاہیے۔

ثانیاً: کئی مسائل ایک ہی واقعہ سے ماخوذ ہیں مثلاً قیس رضی اللہ عنہ کا فجر کی سنت کو فرض کے بعد قضا کرنا، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ فلا اذن (ترمذی ص ۸۸ ج۱) یعنی پس کوئی حرج نہیں ہے اور ابن ماجہ ص ۸۲ کی روایت میں ہے کہ فسکت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی آپ خاموش رہے۔ یہ حدیث اہل حدیث کے نزدیک عام طور پر معمول بہ ہے -اسی طرح جماعت ثانیہ کا آپ کے سامنے ایک ہی واقعہ پیش آیا ہے جو ترمذی ص ۵۹ ج۱، ابوداؤد ص۶۷ ج۱ وغیرہ میں ابوسعید خدریؓ سے مروی ہے۔ حالانکہ اس پر علماء اہل حدیث زور دیتے ہیں- ایسے اور بھی بہت سے مسائل ہیں۔

سوال ۲: جماعت ثانیہ کے لیے اس روایت کے علاوہ ابوامامہ، ابوموسیٰ، حکم بن عمیر، انس، سلمان، عصمۃ رضی اللہ عنہم سب سے روایتیں مروی ہیں کما فی الترمذی مع شرحہ تحفۃ الاحوذی ص ۱۹۰ ج۱

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جواب: ابوموسیٰ اور حکم رضی اللہ عنہما کی حدیثیں اس باب میں صریح نہیں، بلکہ استنباطی ہیں، جیسا کہ امام ابن سید الناس نے شرح ترمذی ص ۱۴۷ ج ۲ قلمی میں ذکر کیا ہے اور ایسی روایتیں اس مسئلہ کے لیے بھی موجود ہیں۔ باقی سب روایتوں میں وہی الفاظ ہیں جو کہ ابوسعیدؓ کی حدیث میں ہیں کہ جماعت ہوجانے کے بعد ایک شخص آیا اور آپ کے فرمان سے کسی شخص نے اس سے مل کر جماعت ادا کی۔ اب سوال یہ ہے کہ ان سب روایات کو ایک ہی واقعہ پر محمول کریں گے یا تعدد پر؟ علی الاول یہ اعتراض خود آپ پر وارد ہوگا فما ھو جوابکم فھو جوابنا وعلی الثانی مسئلہ ما نحن فیہ میں بھی ایسی اور روایتیں ہیں کما سیاتی۔ پس وہ بھی تعدد واقعات پر محمول ہوں گی اور ہمارا دعویٰ اور مضبوط ہوجائے گا یہ تیسرا جواب سمجھنا چاہیئے۔

رابعاً اس سے علماء مسئلہ رفع الصوت بالذکر ثابت کرتے ہیں دیکھیں فتح الباری ص ۲۲۸ ج ۲، عمدۃ القاری ص ۱۳۹ ج ۳ المواھب اللطیفۃ مصنفہ مخدوم محمد عابد سندھی ص ۱۴۲ ج ۱ قلمی بخط المصنف وغیرہ اگر جہراً کہنا سنت نہیں ہے تو پھر یہ استدلال کیسے صحیح ہوسکتا ہے۔ خامساً علامہ ابن بطال اس روایت سے مکبر کے مقتدیوں کو تکبیر سنانے کا مسئلہ نکالتے ہیں، جس کی ابن حجر نے بھی تائید کی ہے۔ یہ اس وقت صحیح ہوسکتا ہے جب جہر کو سنت مانا جائے۔ سادساً صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے یہ سوء ظن ہر گز نہیں کیا جاسکتا ہے کہ آپ ﷺ کے سامنے ایک فعل کیا جائے اور پھر آپ اس کی فضیلت بھی بتائیں، پھر بھی وہ اس پر عمل نہ کریں حاشاھم اللہ من ذلک - اگرچہ ان کا عمل بھی ثابت ہے جیسا کہ بارہویں حدیث دلالت کرتی ہے۔ نیز اگلے باب میں آثار بھی بیان ہوں گے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سوال: اس دعا میں واقعی دعا کی فضیلت مذکور ہے مگر جھر کا ذکر نہیں؟

جواب: جس کیفیت سے یہ دعا پڑھی گئی ہے، وہ جھر ہی ہے۔

ثانیاً آپ ﷺ کی تقریر دونوں امر (دعا پڑھنے اور جھر سے پڑھنے) پر تھی اور ایک کو ماننا اور دوسرے کو نہ ماننا ناانصافی ہے فما لکم کیف تحکمون۔

ثالثاً اگر یہ تفریق ہوتی تو آپ ضرور تصریح فرماتے۔ آپ کے بعد یہ تفریق کرنا اپنی طرف سے شریعت میں ایزاد ہے۔ مالم یأذن بہ اللہ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

رابعاً بلکہ اگر آپ کو جھراً پسند نہ ہوتا تو ضرور بیان فرماتے۔ والسکوت عن البیان فی وقت الحاجۃ بیان۔ اس کی کئی مثالیں ہیں۔ مثلاً ۱۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زیادہ اونچی آواز سے قرأت کرنے پر آپ ﷺ نے ان کو نصیحت فرمائی کہ:

| | |
|---|---|
| اخفض من صوتک شیئا<br>مشکواۃ ص۱۰۷ ج۱ بحوالہ ابوداؤد | اپنی آواز کو کچھ پست کرو۔ |

آپ کے پیچھے جھر سے قرأت پڑھنے پر آپ نے فرمایا کہ:

| | |
|---|---|
| اختلطتم علی القرآن<br>(جزء القراۃ للبخاری ص۵۹) | مجھ پر آپ نے قرآن کو مخلوط کردیا |

اور صاف فرمایا کہ

| | |
|---|---|
| لاتفعلوا الا بام لقرآن سراً فی انفسکم<br>(جزء القراۃ للبیھقی ص۷۵) | ایسا نہ کرو مگر سورہ فاتحہ آہستہ دل میں پڑھا کرو |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ناظرین! جب مقتدی کے لیے جہراً قراۃ پڑھنی ممنوع تھی تو آپ ﷺ نے منع فرمائی۔ اگر یہ دعا بھی جہراً پڑھنا آپ کو پسند نہ ہوتی تو ضرور ایسا ارشاد فرماتے، جبکہ آپ نے ایسی پابندی نہیں لگائی تو پھر دوسرا کون لگانے والا ہے؟ بلکہ بموجب آیت لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ (الاحزاب ع۳ پ۲۱) وحدیث من احب سنتی فقد احبنی (ترمذی) ہم کو اس سے خوش ہونا چاہیے۔

سوال ۴: حدیث شرب قائما اور بال قائما ایسے ایک دفعہ کے واقعات بھی عادت وسنت قرار دیں گے؟

جواب: کھڑے ہو کر پینے یا پیشاب کرنے سے صراحۃً حدیث میں منع وارد ہے (مشکوٰۃ ص ۳۷، ۴۳) پس آپ ﷺ کا یہ عمل اجازت بتانے کے لیے ہے اور نہی استحباب کے لیے ہے۔ قاعدہ اسی طرح ہے اور مسئلہ ما نحن فیہ میں صرف اثبات کے لیے دلائل وارد ہیں انکار کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ لہٰذا اس پر ایسے مسائل قیاس کرنا یا ایک سنت کو مٹانے کا بہانہ بنانا درست نہیں ہے، عادت وسنت اور جواز کے درمیان بھی فرق ہے۔ فتفکر

سوال ۵: نسائی ص ۱۵۷ ج ۱ میں ہے کہ چھینک آنے سے کسی نے یہ دعا پڑھی؟

جواب: یہ دوسرا واقعہ معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ الفاظ مغایرۃ پر دلالت کرتے ہیں۔ یہاں راوی رفاعہ کسی شخص کا واقعہ بیان کرتا ہے اور وہاں اپنا بیان کرتا ہے اور کہتا ہے کہ صلیت خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعطست فقلت الخ یعنی میں نے آپ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی پھر مجھے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چھینک آئی اور میں نے یہ دعا پڑھی۔ دوم اس میں الفاظ "مبارکا علیه کما یحب ربنا و رضی" زیادہ ہیں جو اس میں نہیں ہیں۔ سوم اس میں دعا الحمدللہ سے شروع ہوتی ہے جو کہ چھینک سے مناسب ہے اور یہاں "ربنا" سے شروع ہوتی ہے جو کہ قیام بعد الرکوع سے مناسب ہے کما ھو المذکور فی الاحادیث فافترقا اور اسی بناء پر نسائی نے دونوں حدیثوں پر الگ الگ باب رکھا ہے۔ پہلی پر "باب ما یقول المأموم" اور دوسری پر "قول المأموم اذا عطس خلف الامام" وضع کیا ہے۔

**ثانیاً:** اگر دونوں کو ایک واقعہ فرض کیا جائے پھر بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ رکوع سے سر اٹھاتے وقت اس کو چھینک آئی ہو جیسے کہ حافظ صاحب نے فتح الباری ص ۲۲۸ ج ۲ میں اور علامہ عینی نے عمدۃ القاری ص ۱۳۸ ج ۳ میں لکھا ہے۔

**سوال ۶:** اس بنا پر کیا خبر کہ یہ دعا اعتدال کی تھی یا چھینک کی وجہ سے؟

**جواب:** اسی لیے تو ہم نے ان کو تعدد واقعات پر محمول کیا ہے۔ فقد رجعتم الیه اور محدثین نے اس کو اعتدال کی دعاؤں میں شمار کیا ہے۔

**سوال ۷:** نسائی ص ۵۴ میں ایک روایت میں ہے جس میں اس دعا کا محل مذکور نہیں ہے؟

**جواب:** اولاً اس کی سند منقطع ہے کیونکہ عبدالجبار بن وائل کی روایت اس کے باپ سے مرسل ہے۔ کیونکہ اس کا اپنے باپ سے سماع ثابت نہیں ہے (تقریب ص ۲۹۹۔ تہذیب ص ۱۰۵ ج ۶۔ ترمذی ص ۴۵ ج ۱۔ ثقات ابن حبان ص ۱۷۰

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ج۳) اور دوسرا ابواسحاق السبیعی متغیر الحفظ ہے (تقریب ص۳۹۳، تہذیب ص٦٧ ج٨، الاغتباط بمعرفة من رمی بالاختلاط لابن العجمی ص١١ قلمی) نیز مدلس بھی ہے کما فی التہذیب نقلاً عن ابن حبان وحسین الکرابیسی وابی جعفر الطبری وغیرھم- پس یہ روایت تین وجہ سے ضعیف ہے اور جو روایت ہم نے نقل کی ہے وہ صحیح بخاری کی ہے اس میں کوئی کلام نہیں- اس کو یہ معلول نہیں بنا سکتی لا یعل الصحیح بالضعیف کما تقرر فی الاصول.

ثانیاً اس میں بھی بارہ فرشتوں کا ذکر ہے- نیز اس میں لکھنے یا اٹھانے کے بجائے یہ الفاظ ہیں: فما نهنهها شئ دون العرش یعنی ان کلمات کو عرش عظیم تک پہنچنے سے کسی چیز نے روکا نہیں- یہ دو وجوہات تفریق کے لیے کافی ہیں-

ثالثاً امام نسائی نے اس کو چھینک کے باب میں داخل کیا ہے اس بناء پر کہ دعا "الحمد لله" سے شروع ہوتی ہے-

سوال۸: مسلم ص۲۱۲ ج۱ مع نووی وغیرہ میں ہے کہ کسی شخص نے ہانپنے کی وجہ سے یہ دعا پڑھی تھی؟

جواب: وہ دوسرا واقعہ ہے اس پر کئی دلائل ہیں- اول یہ کہ دعاء الحمد للہ سے شروع ہوتی ہے اور دعاء اعتدال ربنا یا اللھم سے جیسے کہ حدیث گذری-

دوم یہ کہ بلکہ نسائی ص۱۵۰ ج۱ میں تصریح ہے کہ یہ دعا اس نے تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی تھی اور نسائی نے باب رکھا ہے: باب نوع الاخذ من الذکر والدعاء بین التکبیر والقراۃ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سوم یہ کہ اعتدال والی روایت میں تیس سے اوپر فرشتوں کا ذکر ہے اور اس روایت میں ہے کہ **لقد رایت اثنا عشر ملکا یبتدرونها ایهم یرفعها** یعنی بارہ فرشتوں کا ذکر ہے۔

چہارم یہ کہ وہاں فرشتوں کے لکھنے کا ذکر ہے اور یہاں یرفع یعنی اوپر اٹھانے کا ذکر ہے بلکہ یہ تینوں روایتیں مستقل طور پر اپنے احکام بتاتی ہیں۔ پہلی میں دعائے اعتدال دوسری میں دعائے العطاس تیسری میں دعا حفز النفس کا بیان ہے۔ ایک حدیث دوسری پر محمول اس وقت کی جاسکتی ہے جبکہ ہر ایک پر مستقل طور پر عمل متعذر ہو۔ والا فلا ایک مسئلہ سے تین کا ثبوت اولیٰ ہے کما تقرر فی الاصول اور امام نسائی تینوں احادیث کو الگ الگ ابواب میں لائے ہیں۔

تنبیہ: مجموعی روایات سے اس دعا کی فضیلت اور جہر کا جواز ثابت ہوتا ہے۔

سوال ۹: ربنا لک الحمد تو آپ ﷺ سے ثابت ہے کیا زیادہ کلمات بھی آپ نے کہے ہیں؟

جواب: جس کام کو آپ پسند فرمائیں اور فضیلت بتا کر ترغیب دلائیں اور خود اس پر عمل نہ کریں ایسا گمان آپ سے کوئی مسلمان نہیں کرسکتا۔

سوال: بیشک یہ چیز آپ کے شان اقدس کے خلاف ہے کیونکہ قرآن حکیم میں ارشاد ہے کہ **لم تقولون مالا تفعلون (الصف ع۱ پ۲۸) اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم (البقرہ ع۵ پ۱) وانهم یقولون مالا یفعلون (الشعراء ع۱۱ پ۱۹)** لیکن کیا آپ جہراً پڑھتے ہوں گے؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جواب: آپ کی پسندیدگی جس کیفیت کے لیے تھی وہ جہراً ہی تھی اور آپ نے یہ استثناء بھی نہیں فرمایا کہ مجھے کہنا تو پسند ہے لیکن جہراً نہیں رجماً بالغیب، ایسی نسبت آپ کی طرف ناجائز ہے۔

سوال: کیا ایسا کوئی ثبوت ہے کہ صحابہ نے اس عمل کو جاری رکھا ہو؟

جواب: ہاں ایسا ثبوت موجود ہے اگلے باب میں پڑھیں۔

ثانیاً عدم الذکر عدم الوجود کو مستلزم نہیں ہے۔

ثالثاً آپ ﷺ کی اس ترغیب دلانے کے بعد صحابہ سے ایسا گمان کرنا درست نہیں ہے۔

رابعاً بلکہ ایسا گمان ان میں قدح کا موجب ہے۔

خامساً کیا جو مسئلہ آپ سے ثابت ہو گیا وہ کسی کے عمل کا محتاج رہتا ہے؟ ہرگز نہیں!

سادساً جس نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی تھی کیا وہ صحابی نہیں تھے؟ تعجب کی بات تو یہ ہے کہ ایک طرف صحابہ کا عمل ہو جس کے متعلق آپ کی ذات والا صفات سے کلمات تحسین بھی وارد ہوں وہ تو مسنون نہ ہو لیکن رفع الیدین فی قنوت الوتر جس کا ماسوائے ایک دو صحابہ کے اثر (۱) کے کسی مرفوع حدیث میں ذکر نہ ہو،

(۱) وتر کے قنوت میں ہاتھ اٹھانے کے لیے صحابہ سے صرف دو اثر وارد ہیں اور وہ بھی ضعیف ہیں۔ ایک حضرت ابن مسعودؓ کا ہے، جس کی سند میں لیث بن ابی سلیم ہے اور دوسرا حضرت ابوہریرہؓ کا ہے، جس میں ابن لہیعہ ہے۔ یہ دونوں راوی ضعیف ہیں دیکھیں تقریب وتہذیب۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس پر بڑے اہتمام سے عمل کیا جائے!! کیا یہ طرز عمل درست ہے؟ (۱)

بریں عقل ودانش بباید گریست

## سولھویں حدیث شریف

قال البزار فی مسنده حدثنا عبدة بن عبدالله القسملی انا یزید عن ابی سعید بن المرزبان عن میمون عن عبدالله بن عمرو قام صلی الله علیه وسلم صلواة فلما قال سمع الله لمن حمده قال رجل من خلفه اللهم ربنا لک الحمد حمداً کثیراً طیباً مبارکًا فیه . فلما انصرف رسول الله صلی الله علیه

عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سمع اللہ لمن حمدہ کہا تو آپ کے پیچھے کسی شخص نے کہا: اللهم ربنا لک الحمد حمداً کثیراً طیباً مبارکًا فیه. جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا کہ اس کلمہ کو کہنے والا کون تھا؟ اس نے کہا یا رسول اللہ میں تھا۔ آپ نے فرمایا

(۱) بلکہ جس طریقہ سے تراویح کے بعد وتر میں قنوت پڑھی جاتی ہے مثلاً ہاتھ اٹھا کر امام جہراً پڑھے اور مقتدی آمین کہیں۔ ہم علی وجہ البصیرت کہتے ہیں کہ اس کا کسی حدیث میں ثبوت نہیں ہے۔ ہاں فرض نماز میں قنوت نازلہ کے لئے ایسا ذکر ہے اور مسئلہ ما نحن فیہ کے لیے خاص نص موجود ہے۔ پھر کیسے دونوں برابر ہوں گے؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وسلم قال من القائل الكلمة ؟ قال الرجل انا يا رسول الله قال لقد رأيت نفراً من الملئكة اكتنفوها فعرجوا بها فنظرت اليها حتی تغیبت عنی (زوائد مسند البزار لابن حجر قلمی ص٦٦ باب صفة الصلوٰة)

کہ میں نے فرشتوں کی جماعت کو دیکھا کہ انہوں نے ان الفاظ کو گھیر لیا اور میں نے دیکھا کہ اوپر لے جا رہے ہیں۔ یہاں تک کہ میری نظر سے غائب ہو گئے۔

سوال ۱: علامہ نور الدین ہیثمی مجمع الزوائد ص۲۸۷ ج ا قلمی میں اس حدیث کے متعلق لکھتے ہیں کہ "فیہ من لم اعرفہ" یعنی اس میں ایسا راوی ہے جس کو میں نہیں پہچانتا۔

جواب: بحمد للہ ہم نے سب کو پہچان لیا ہے۔ ومن عرف الشئ حجة علیٰ من لم یعرفه اور تفصیل وار اس کا حال بتاتے ہیں۔ چنانچہ ۱۔ بزار کے استاد ابو سہل الصفار الخزاعی البصری ہیں۔ تقریب ص۳۹۹ میں ان کو ثقہ لکھا ہے اور تہذیب ص۳۶۰ ج٦ میں ائمہ ابو حاتم۔ نسائی اور دار قطنی سے ان کی توثیق نقل کی گئی ہے اور امام ابن حبان نے ثقات ص ۱۸۲ ج۴ قلمی میں ان کو ثقات میں شمار کیا ہے، ۲۔ اور ان کے شیخ یزید بن ہارون السلمی ابو خالد الواسطی مشہور و ثقہ محدث ہیں، جیسا کہ ان کے طبقہ سے ظاہر ہے اور تہذیب میں ان کا ذکر عبدة کے شیوخ میں کیا گیا ہے۔ یزید کی عام ائمہ حدیث مثلاً احمد، ابن المدینی، ابن معین، عجلی، ابوزرعہ، ابوحاتم، ابن سعد، ابن حبان، یعقوب بن شیبہ، ابن قانع سب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے توثیق کی ہے کما فی التہذیب ص ۳۶۷-۳۶۸-۳۶۹ ج ۱۱۔ ان کے شیخ سعید بن المرزبان العبسی ابوسعید البقال الکوفی الاعور ہیں۔ ان کی کنیت بعض جگہ ابوسعید مذکور ہوئی ہے، جیسے الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم ص ۶۲ ج ۳ قسم اول کے حاشیہ میں لکھا ہوا ہے۔ اس پر جروح واقع ہیں، مگر شہادت میں اس کی روایت معتبر ہوسکتی ہے۔ چنانچہ حافظ ابن عدی کہتے ہیں: **هو فی جمله صغار الکوفة الذین یجمع حدیثهم ولا یترک (التهذیب ص ۸۰ ج ۴)** یعنی یہ منجملہ ان ضعفاء میں سے ہیں جن کی روایتیں جمع کی جاسکتی ہیں اور ان کو بالکل ترک نہیں کیا جائے گا اور ابوحاتم کہتے ہیں کہ **لا یحتج بحدیثه (الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم ص ۶۲ ج ۲ قسم اول )** یعنی ان کی حدیث کو حجت نہیں بنایا جاسکتا جس کے معنیٰ ہیں کہ مستقل طور پر نہیں بلکہ شہادت کے طور پر قابل قبول ہوسکتی ہے۔ نیز ص ۶۳ میں ابوزرعہ سے منقول ہے: **لین الحدیث مدلس صدوق لا یکذب** یعنی کمزور مدلس ہے، سچا ہے، جھوٹ نہیں بولتا۔ جس کا مطلب ہے کہ اس کی روایت دوسری روایتوں سے تائید پکڑ لے گی اور یہی معنیٰ امام بخاری کے قول منکر الحدیث کی ہے یعنی وہ صاحب افراد ہے لیکن جہاں صحیح روایتوں سے اس کی حدیث کی تائید ہوتی ہو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے ایسی کئی روایتیں ہیں جن سے مسائل لیے جاتے ہیں۔ امام بخاری نے الادب المفرد میں اس کی حدیثیں داخل کی ہیں اور ابواسامہ نے اس کو ثقہ کہا ہے کما فی التہذیب۔

سوال ۲: ابوزرعہ کے قول سے معلوم ہوا کہ وہ مدلس بھی ہے؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جواب: متابعت میں مدلس کی روایت کام دے سکتی ہے۔ ان کے استاذ میمون بن استاذ بصری ہیں، جیسا کہ امام بخاری کی تاریخ کبیر ص ۳۳۹ ج ۴ ق ۱ اور ابن ابی حاتم کے الجرح والتعدیل ص ۲۳۳ ج ۴ ق ۱ سے ظاہر ہے اور ابن ابی حاتم نے ابن معین سے اس کی توثیق نقل کی ہے اور ابن حبان نے ثقات ص ۲۱۴ ج ۴ قلمی میں اس کو داخل کیا ہے۔

سوال ۳: تہذیب میں اس پر جروح وارد ہیں؟

جواب: وہ دوسرے راوی میمون ابوعبداللہ مولیٰ ابن سمرۃ ہیں۔ امام بخاری، حافظ ابن ابی حاتم اور ابن حبان نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔ اسی طرح ابن جوزی ضعفاء میں ابوعبداللہ کو لائے ہیں اور ابن اشاذ کو نہیں لائے۔ الحاصل یہ روایت قابل قبول ہے۔ بالخصوص اس میں فضیلت و ثواب کا بیان ہے اور بموجب اصول (۱) خفیف ضعف والی روایت فضائل (۲) و ترغیب میں معتبر ہوتی ہے۔ بشرطیکہ جس مسئلہ کو بیان کرے وہ کسی اصل عام کے تحت مندرج ہو کما فیما نحن فیہ اور اس حدیث سے یہ دعویٰ بھی غلط ثابت ہوا کہ یہ ایک ہی روایت ہے۔

---

(۱) اس کے متعلق ہم نے ایک رسالہ بنام "القول اللطیف فی الاحتجاج بالحدیث الضعیف" لکھا ہے جس میں ائمہ محدثین کے اقوال جمع کیے ہیں، ۱۲ من عفی عنہ

(۲) صلوٰۃ التسبیح کی روایات سے یہ حدیث کئی حصہ زیادہ بہتر اور صحت کے قریب ہے کما لایخفی علیٰ من لہ ادنی ممارستہ بالفن، ۱۲ منہ عفی عنہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سترھویں حدیث شریف

عن ابن عمر قال صلى لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما صلوٰة فلما رفع رأسه من الركوع قال سمع الله لمن حمده، فقال رجل من خلفه ربنا ولك الحمد كثيراً طيباً مباركاً فيه. فلما انصرف رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ثلاث مرات من المتكلم آنفا ؟ قال الرجل انا يا رسول الله. قال والذى نفسى بيده لقد رأيت بضعة و ثلاثين ملكًا يبتدرونها ايهم يكتبها اولاً رواه الطبرانى فى الكبير (مجمع الزوائد ص۱۲۳.۲۴ ج۲ و معجم الكبير للطبرى ص۴۳۸ ج۱۲)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی دن نماز پڑھائی۔ جب رکوع سے سر مبارک اٹھایا تو سمع اللہ لمن حمدہ کہا اور آپ کے پیچھے کسی نے ربنا ولک الحمد کثیرًا طیبا مبارکًا فیہ کہا۔ سلام پھیرنے کے بعد آپ نے تین مرتبہ پوچھا کہ ابھی بولنے والا کون تھا؟ اس نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں تھا۔ آپ نے فرمایا اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے میں نے تیس سے اوپر فرشتوں کو دیکھا کہ مبادرہ (ایک دوسرے سے جلدی) کر رہے تھے کہ پہلے کون لکھے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

سوال۱: بقول صاحب مجمع الزوائد اس کی سند میں یسع بن طلحۃ منکر الحدیث راوی ہے؟

جواب: ہم نے ایسا ہی اس روایت کو دوسری روایات کے ساتھ ذکر کیا ہے جیسا کہ علماء اہلحدیث دوسری روایات کے ساتھ ایسی روایات کی شہادتیں لاتے ہیں۔

## مثال اول:

۱- آٹھ تراویح کی جابرؓ والی روایت اس کی سند میں عیسیٰ بن جاریۃ ہے جس کو نسائی نے منکرالحدیث کہا ہے، کمافی المیزان ص۳۱۱ ج ۲ اور خود اسی یسع بن طلحہ کی کئی روایتیں دوسری روایات صحیح کے ساتھ شہادت میں کام آتی ہیں، مثلاً سورۃ اخلاص پڑھنے کا ثلث قرآن کے برابر ہونا۔

۲- مکہ میں بعد العصر نفل کا جائز ہونا۔

۳- دو رکعت تحیۃ المسجد۔

۴- شیر خوار بچہ کے پیشاب سے صرف پانی ڈالنا۔

یہ روایات میزان ص۳۲۱ ج۳ اور لسان المیزان ص۲۹۹ ج۶ میں یسع کے ترجمہ میں مذکور ہیں۔

## مثال دوم:

آمین کی آواز سے مسجد میں گونجنے کی حدیث ابن ماجہ ص۶۲ میں موجود ہے۔ اس کی سند میں بشر بن رافع راوی ہے، جس کو ابوحاتم، دار قطنی اور عبدالبر نے منکر الحدیث کہا ہے (تہذیب ص۴۴۹ ج۱)

## مثال سوم:

یہودیوں کا آمین سے چڑھنا اس باب میں بھی ابن عباس کی حدیث ابن ماجہ میں ہے۔ اس کی سند میں طلحہ بن عمرو راوی ہے جو لیث سے بھی زیادہ مجروح ہے، اس کو ائمہ احمد، بخاری نسائی نے متروک الحدیث کہا ہے (میزان ص ۴۷۸ ج ۱) اور علماء فن جانتے ہیں کہ یہ لفظ اس لفظ سے کئی گنا سخت ہے۔ کیونکہ یہ لفظ جرح کے مرتبہ ثانیہ میں ہے۔ بلکہ بعض ائمہ مثلاً ابن ابی حاتم اور خطیب کے نزدیک مرتبہ اولیٰ میں ہے اور ایسے راوی کی روایت کسی طرح بھی قابل قبول نہیں ہوتی۔ خواہ احتجاجاً ہو خواہ استشہاداً اور لفظ منکر الحدیث مرتبہ رابعہ میں ہے۔ ان کی روایت شہادت کے لیے کارگر ہو سکتی ہے۔ کذا قالہ العلامۃ عبدالحی لکھنوی فی الرفع والتکمیل ص ۱۲ نقلاً عن شرح الفیۃ للعراقی۔ پس اگر طلحہ کی روایت شہادت میں پیش ہو سکتی ہے تو لیث کی روایت پیش کرنے میں کیا حرج ہے۔

## مثال چہارم:

وضع الیدین علی الصدر کی ایک روایت جو کہ بیہقی ص ۳۰ ج ۲ میں مروی ہے، اس کی سند میں مؤمل بن اسماعیل راوی ہے جس کے متعلق حافظ ذہبی امام بخاری سے نقل کرتے ہیں کہ منکر الحدیث (۱) (میزان ص ۲۲۱ ج ۳) ان مثالوں کو ذکر کرنے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ جو مسئلہ اور صحیح روایات سے ثابت ہو، وہاں ایسی

---

(۱) دراصل اس کلمہ کا امام بخاری سے ثابت ہونے میں تامل ہے جیسا کہ ہم نے جزء رفع الیدین للبخاری کی تعلیق جلاء العینین میں بیان کیا ہے اور ہم نے اس مثال کو یہاں الزاماً ذکر کیا ہے، ۱۲ منہ

روایات مسئلہ کو تقویت دینے کے لیے پیش کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ ایسا اعتراض وہی شخص کرسکتا ہے جو محدثین کرام کے ذوق اور طریقہ کار سے ناواقف ہو اور جو ان کے اصول و قواعد سے اچھی طرح واقف ہیں وہ کبھی ایسی جرأت نہیں کرسکتے۔ فتنبہ ولا تکن من المفترین۔ الحمد للہ پہلا باب ختم ہوا۔

# باب دوم
## آثار موقوفہ و مقطوعہ کے بیان میں

ناظرین! اگرچہ بارہویں، تیرہویں، پندرہویں، سولہویں اور سترہویں احادیث سے صحابہ کا بھی عمل ظاہر ہوتا ہے، مگر تاہم مزید تسلی کے لیے صحابہ و تابعین کے آثار ذکر کئے جاتے ہیں۔

## پہلا اثر

نا المعتمر عن ایوب عن الاعرج قال سمعت ابا هريرة يرفع صوته باللهم ربنا ولك الحمد (مصنف ابن ابی شیبة ص۱۷۱ ج۱ قلمی)

فقیہ عبدالرحمٰن بن ہرمز الاعرج سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ اللھم ربنا ولک الحمد سے اپنی آواز کو بلند کرتے تھے۔

تشریح: یہ اثر ان سب اوہام کو باطل کردیتا ہے جو کہا جاتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم یا آپ کے کسی صحابی کا مذکورہ دعا جہراً کہنا معمول نہیں رہا یا ۲۔ قولوا والی

حدیث میں جہر کا حکم نہیں ہے یا آپ نے صرف دعا کو پسند کیا جہراً کہنے کو نہیں وغیرہ۔ نیز ابوہریرۃ خواہ امام تھے یا مأموم۔ صفوں میں صحابہ وتابعین کی جماعت کثیر موجود ہوگی مگر کسی نے اعتراض نہیں کیا کہ جہراً نہیں کہنا چاہیے اور ایسے ثبوت کو اکثر فقہاء کئی مسائل میں اجماع سے تعبیر کرتے ہیں۔ ہم ایسی دعوی تو نہیں کرتے، مگر اس سے مسئلہ کی مذکورہ صورت کو تقویت پہنچتی ہے۔

## دوسرا اثر

حدثنا حمام ثنا ابن مفرج ثنا ابن الاعرابی ثنا الدبری ثنا عبدالرزاق عن ابن جریج أخبرنی نافع أن عبدالله بن عمر كان اذا كان اماما قال سمع الله لمن حمده. اللهم ربنا لک الحمد حمداً كثيرا ثم يسجد لا يخطئه

(محلی لابن حزم ص۲۶۲ ج۳)

حضرت عبداللہ بن عمر کا غلام نافع اپنے آقا سے روایت کرتا ہے کہ آپ جب امام ہوتے تھے تو سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد حمداً کثیراً کہنے کے بعد سجدہ کو جاتے تھے۔ ان کلمات کو آپ کبھی بھی نہیں چھوڑتے تھے۔

تشریح: یہاں بھی جہراً کہنا صریحاً مذکور ہے کیونکہ دونوں جملے ملے ہوئے ہیں اور آدھے حصہ کو جہر پر اور باقی آدھے کو سر پر محمول کرنا بلاداعی یا دلیل درست نہیں ہے۔ نیز آپ کے پیچھے بھی علماء صحابہ وتابعین ہونگے لیکن کسی نے

اعتراض نہیں کیا ایضاً ابن عمر کا اہتمام وشدت سے سنت پر عامل رہنا مشہور ومعروف ہے۔ اس لیے آپ کا یہ عمل بڑی معنی رکھتا ہے۔

## تیسرا اثر

حدثناابوبکر حدثنا حفص عن ابن جریج عن الزهری عن ابی سلمة عن ابی هریرة انه کان یقول اذا رفع راسه اللهم ربنا لک الحمد (مصنف ابن ابی شیبة ص۰ ۱۷ ج۱ قلمی)

ابو سلمۃ بن عبدالرحمن مدنی تابعی حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ جب رکوع سے سر اٹھاتے تو اللھم ربنا ولک الحمد کہتے تھے۔

تشریح: یہ اثر بھی تائید کرتا ہے، اگرچہ صریحاً جہر کا ذکر نہیں، مگر دوسرے اثر سے اس کی وضاحت ہوجاتی ہے۔

## چوتھا اثر

اخبرنا ابوالقاسم عبدالعزیز بن عبدالله التاجر بالری انبا ابوحاتم محمد بن عیسی انبا اسحاق بن ابراهیم عن عبدالرزاق عن الثوری عن سلمة بن کهیل عن ابی الاحوص عن عبدالله قال اذا

ابو الاحوص عوف بن مالک الکوفی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب امام سمع الله لمن حمده کہے تو جو ان کے پیچھے ہوں

| | |
|---|---|
| قال الامام سمع الله لمن حمده فليقل من خلفه ربنا لک الحمد (بیہقی ص۹۷ ج۲ مصنف ابن ابی شیبۃ ص۱۷۴ ج۱ قلمی عن وکیع عن سفیان بہ) | وہ ربنا لک الحمد کہیں۔ |

سوال: یہاں واقعی قول کے ساتھ مطلقاً خطاب ہے جس سے جہر مراد ہے مگر ابن ابی شیبہ ص۲۸۰ ج۱ قلمی میں حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ "انہ کان یخفی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم والاستعاذۃ وربنا ولک الحمد" یعنی آپ یہ تینوں آہستہ پڑھتے تھے یہ قرینہ بتاتا ہے کہ یہاں قول سے مراد آہستہ ہے۔

جواب: اولاً اس کی سند میں ابن ابی شیبہ کے استاذ ہیثم بن بشیر مدلس ہے (تقریب ص۵۳۴) اور یہ اثر عن سے روایت کیا ہے لہذا معتبر نہیں ہے اور اس کی تدلیس مرتبہ ثالثہ کی ہے (طبقات المدلسین لابن حجر ص۱۶)

ثانیاً ان کے استاذ ابی سعید بن المرزبان ہیں جس کا تذکرہ باب اول کی سولھویں حدیث میں گذرا۔ وہاں تائیداً اس کی حدیث لانی بہتر تھی مگر یہاں اس کی کوئی تائید نہیں ہے۔ اس لیے احتجاجاً نہیں پیش کی جاسکتی۔

ثالثاً یہ خود مدلس بھی ہے جیسا کہ اوپر ابوزرعہ کے قول سے معلوم ہوا اور یہاں معنعناً روایت ہے اور یہ بھی عدم حجیتہ کی دلیل ہے۔ پس ایسی روایت سے تخصیص اصولاً غلط ہے۔

## پانچواں اثر

وبه الی ابن جریج عن اسماعیل بن امیة عن سعید بن ابی سعید المقبری انه سمع اباهریرة وهو امام للناس فی الصلوٰة یقول سمع الله لمن حمده اللهم ربنالک الحمد کثیراً یرفع ذلک صوته و نتابعه معاً
(المحلی لابن حزم ص۲٦۲ ج۳، بیهقی ص۹٦ ج۲)

ابو سعید مقبری سے روایت ہے کہ حضرت ابوھریرۃ امام ہو کر نماز پڑھاتے اور کہتے تھے سمع الله لمن حمده اللهم ربنا لک الحمد کثیراً دعا سے اپنے آواز کو بلند کرتے تھے۔ اور ہم (مقتدیوں نے) بھی آپ کے ساتھ متابعت کی۔

تشریح: اس جگہ امام اور مقتدیوں کا جہراً کہنا ثابت ہوا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ نبوی نماز خواہ صحابہ وتابعین کا یہی عمل تھا کیونکہ جماعت میں اصحاب وتابعین سب تھے۔

سوال: سعید وفات سے چار سال قبل مختلط ہو چکے تھے، کما فی التقریب ص۱۸۷
جواب: لیکن اختلاط کے بعد کسی نے اس سے حدیث نہیں سنی۔ حافظ ذھبی نے میزان الاعتدال ص۳۸۲ ج۱ میں لکھا ہے کہ "ما احسب احدا اخذ عنہ فی الاختلاط" یعنی میرے گمان میں کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جس نے اس سے بحالت اختلاط

حدیث لی ہو- پس یہ اثر بوجہ قبل الاختلاط ہونے کے صحیح ہے- فافہم

## چھٹا اثر

حدثنا ابوبکر قال نا ابن علیة عن ابن عوف قال کان محمد یقول اذا قال سمع اللّٰہ لمن حمدہ قال من خلفہ سمع اللّٰہ لمن حمدہ اللھم ربنا لک الحمد (ابن ابی شیبۃ ص۱۷۴ ج۱ قلمی)

فقیہ عبداللہ بن عون بصری سے روایت ہے کہ امام محمد بن سیرین تابعی کہتے تھے کہ جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو مقتدی بھی سمع اللہ لمن حمدہ اللھم ربنالک الحمد کہے۔

تشریح: یہاں بھی قول کے ساتھ خطاب ہے لیکن سمع اللہ لمن حمدہ میں ان کا قول حجت نہیں ہے- کیونکہ تابعی کا قول کسی کے ہاں حجت نہیں ہے- ہاں ان کا قول تائیداً پیش کیا جاسکتا ہے، سو جملہ دوم کے لیے تو احادیث و آثار ثابت ہیں مگر جملہ اولیٰ کے لیے نہیں ہیں، بلکہ باب اول کی ساتویں حدیث میں گذرا کہ انتقالات کی تکبیریں مقتدیوں کو آہستہ آہستہ کہنی چاہئیں اور سمع اللہ لمن حمدہ تکبیر کے قائم مقام ہے- فافہم

## ساتواں اثر

حدثنا ابوبکرنا محمد بن فضیل عن مطرف عن عامر قال لا یقول القوم خلف

مطرف بن عبداللہ عامری سے روایت ہے کہ امام عامر بن شراحیل شعبی نے کہا کہ قوم یعنی

الامام سمع الله لمن حمده و لكن ليقولوا اللهم ربنا ولك الحمد (ابن ابی شیبة ص١٤٢ ـ ١ قلمی)

جماعتی امام کے پیچھے سمع اللہ لمن حمدہ نہ کہیں لیکن وہ اللھم ربنا ولک الحمد کہیں۔

تشریح: یہاں امر خواہ نہی دونوں میں قول سے خطاب ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ مقتدی سمع اللہ لمن حمدہ جہراً نہ کہیں لیکن دوسرا جملہ جہراً کہیں اور یہ مطلب لینا غلط ہے کہ مقتدی پہلا جملہ بالکل ہی نہ کہیں۔ اس کی مزید تحقیق انشاءاللہ خاتمہ میں آئے گی۔

## آٹھواں اثر

حدثنا مقاتل ثنا عبدالله بن المبارک انا اسمٰعیل حدثنی عبد ربه بن سلیمان بن عمیر قال رأیت ام الدرداء رضی الله تعالیٰ عنها ترفع یدیها فی الصلواة حذو منکبیها حین تفتتح الصلوٰة وحین ترکع فاذا قالت سمع الله لمن حمده رفعت یدیها وقالت ربنا ولک الحمد (جزء رفع الیدین للبخاری ص٧)

عبد ربہ بن سلیمان عمیر سے روایت ہے کہ میں نے ام الدرداء (حضری تابعیہ) کو دیکھا کہ وہ اپنے کولہوں کے برابر دونوں ہاتھ اٹھاتی تھی، جس وقت نماز شروع کرتی۔ جس وقت رکوع کرتی اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتی تو دونوں ہاتھ اٹھاتی اور ربنا ولک الحمد کہتی تھی۔

سوال: عبدربہ کو میزان ص۹٦ ج۲ میں مجہول لکھا ہے؟

جواب: یہ مجہول نہیں ابن حبان نے ثقات ص۱۷۵ ج۳ قلمی میں اس کو داخل کیا ہے اور امام بخاری نے اس کی راویت سے حجت لی ہے۔ نیز تہذیب ص۱۲۷ ج٦ میں ابن حبان کی توثیق منقول ہے اور خلاصہ ص۲۲۳ میں لکھا ہے کہ وثقہ ابن حبان نیز ذہبی میزان میں یہ لفظ اس پر استعمال کرتے ہیں جس پر ابن ابی حاتم نے کوئی کلام نہیں کیا ہو جیسے کہ مقدمہ میں اس نے تصریح کی ہے۔ سو واقعی ابن ابی حاتم نے الجرح والتعدیل ص۴۳ ج۳ق میں ذکر کیا ہے لیکن اس پر کوئی جرح یاتعدیل ذکر نہیں کیا ہے مگر جبکہ وہ دوسروں کے ہاں معروف ہے تو پھر وہ مجہول نہیں رہا اسی لیے ذہبی نے میزان میں یوں کہا ہے مجہول ہو فی الثقات لابن حبان آھ جس کا مطلب ہے کہ ذہبی بھی اس کو مجہول نہیں مانتے۔

**الحاصل!** آثار صحابہ کرام وتابعین عظام سے بھی مسئلہ اچھی طرح روشن ہو گیا اور یہاں پر دوسرا باب ختم ہوتا ہے۔

## الخاتمة

بحمدللہ ومنہ وفضلہ وامتنانہ مسئلہ کو بخوبی واضح ومبرہن کردیا ہے۔ اب چند مسائل ضروریہ جو مسئلہ ھٰذا سے تعلق رکھتے ہیں بیان کیے جاتے ہیں۔

**سوال ا:** اوپر حدیثوں سے معلوم ہوا کہ بعض میں **ربنا ولک الحمد** اور بعض میں **اللهم ربنا ولک الحمد** اور بعض میں **اللهم ربنا لک الحمد** واو کے بغیر وارد ہے۔ ان میں کونسی دعا صحیح ہے؟

جواب: صحیح حدیثوں میں جو جو الفاظ وارد ہیں سب صحیح ہیں اور سب سنت ہیں۔ سب پر نوبت بنوبت عمل کرنا چاہیے۔ بعض کو لینا، بعض کو ترک کرنا روا نہیں ہے۔

**سوال ۲:** ابتدائی نو حدیثوں سے بعض نے یہ استدلال کیا ہے کہ امام کو ربنا لک الحمد نہ کہنا چاہیے کیا یہ صحیح ہے؟

جواب: یہ استدلال غلط ہے۔

**اولاً** اس لیے کہ ان احادیث میں یہ انکار نہیں۔

**ثانیاً** بلکہ یہاں تو مقتدیوں کو دعا کا وقت بتانے کے لیے ایسا کہا گیا ہے نہ کہ تقسیم ہو رہی ہے۔

**ثالثاً** اگرچہ یہاں صریحاً ذکر نہیں ہے مگر دسویں، گیارہویں اور چودھویں احادیث میں صراحت کے ساتھ بیان ہے کہ امام کو بھی کہنا چاہیے۔ امام ابو حنیفہ کے دو بڑے شاگرد امام ابو یوسف اور امام محمد اس کے قائل ہیں اور حنفی مذہب کے بہت بڑے عالم اور مجتہد طحاوی بھی اس کے قائل ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ:

| | |
|---|---|
| فلما ثبت اتفاقهم ان المصلی وحده یقول بعد قوله سمع الله لمن حمده ربنا ولك الحمد ثبت ان الامام ایضا یقولها بعد قوله سمع الله | جب اس پر اتفاق ثابت ہے کہ اکیلا نماز پڑھنے والا سمع اللہ لمن حمدہ کے بعد ربنا ولک الحمد کہے تو ثابت ہوا کہ امام بھی ان کلمات (ربنا ولک الحمد) کو سمع اللہ لمن حمدہ کے بعد |

| | |
|---|---|
| لمن حمده فهٰذا وجه النظر ایضاً فی ھذا الباب فبھٰذا ناخذ وھو قول ابی یوسف و محمد(شرح معانی الاثار ص۱۴۱ج۱) | کہے۔ اس باب میں یہی بات قرین قیاس ہے، ہم اس کو لیتے ہیں۔ یہی امام ابو یوسف اور امام محمد کہتے ہیں۔ |

مثال: اس کی آمین کا مسئلہ ہے اس میں بھی یہ الفاظ ہیں "اذا قال الامام غیرالمغضوب عیلھم ولا الضالین فقولوا آمین" اس سے بھی بعض نے یہ استدلال کیا ہے کہ امام کو آمین نہیں کہنی چاہیے۔ لیکن ان کا استدلال غلط ہے کیونکہ متعدد احادیث سے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے بحیثیت امام ہونے کے آمین کہنا ثابت ہے۔ اسی طرح یہ بھی استدلال غلط ہے۔ کیونکہ ثبوت یہاں بھی موجود ہے کما مضٰی۔

سوال۳: بعض ان ہی روایات سے یہ بھی لیتے ہیں کہ مقتدی صرف ربنا ولک الحمد کہے اور سمع اللہ لمن حمدہ نہ کہے کیا یہ درست ہے؟

جواب: یہ بھی درست نہیں۔ مقتدیوں کو محل بتانے سے کب لازم آتا ہے کہ وہ خود سمع اللہ لمن حمدہ کہیں ہی نہیں؟

ثانیاً بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دونوں کو جمع کرنا جیسے دوسری حدیثوں میں مذکور ہے صاف بتاتا ہے کہ ہر نمازی، امام، مقتدی اور منفرد سب ایسا ہی کریں کیونکہ حکم ہے کہ "صلوا کما رایتمونی اصلی" اور استثناء کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

ثالثاً امام بخاری نے ایسی ہی ایک حدیث پر باب باندھا ہے کہ "باب ما

یقول الامام ومن خلفه اذا رفع راسه من الرکوع" (بخاری ص۱۰۹ ج۱)

رابعًا یہ روایات ان روایات پر قاضیہ ہیں کیونکہ ذکر عدم الذکر پر مقدم ہوتا ہے۔

خامسًا بارہویں حدیث سے بھی عموم معلوم ہوتا ہے۔

سادسًا ایک حدیث میں ہے کہ:

| | |
|---|---|
| عن ابی ھریرۃ قال کنا خلف النبی صلی اللّٰه علیه وسلم فقال سمع اللّٰه لمن حمدہ قال من ورائه سمع اللّٰه لمن حمدہ (سنن دارقطنی ص۲۹ ج۱) | ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پڑھتے تھے پھر آپ سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تھے اور آپ کے پیچھے والے بھی سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تھے۔ |

اس روایت میں اگرچہ کلام ہے۔ مگر شہادت کے لیے کافی ہے اور یہاں قول خطاب واقع نہیں ہوا۔ لھذا محمول علی الجھر نہیں ہوسکتا ہے۔ ہاں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کہنا جھر پر محمول ہوگا اس لیے کہ جھر کے بغیر مقتدیوں کو کیسی خبر لگے گی۔

سابعًا جیسے کہ اگلے مسئلہ میں معلوم ہوگا۔

مثال اس کی وہی حدیث "اذا قال الامام غیرالمغضوب علیھم ولا الضالین فقولوا آمین" ہے۔ کیا یہ استدلال کرنا کہ مقتدی سورۃ فاتحہ نہ

پڑھے صحیح ہوگا؟ ہرگز نہیں اس لیے کہ اس باب میں احادیث صریحہ موجود ہیں۔ اسی طرح یہ استدلال بھی درست نہیں۔ کیونکہ مقتدی کے کہنے کے لیے بھی دلائل موجود ہیں۔

سوال ۴: گیارھویں حدیث سے معلوم ہوا کہ رکوع سے پیٹھ سیدھی کرتے وقت سمع اللہ لمن حمدہ کہا جائے اور پندرھویں روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ سیدھا ہوکر پھر کہے صحیح طریقہ کونسا ہے؟

جواب: پندرھویں حدیث روایت مجمل ہے اور گیارھویں اس کا تفسیر و بیان ہے۔ ثانیاً نیز دونوں حدیثوں میں تطبیق ممکن ہے۔ حافظ صاحب فرماتے ہیں کہ:

ویمکن الجمع بینهما بان معنی قوله فلما رفع رأسه ای فلما شرع فی رفع رأسه ابتدأ القول المذکور واتمه بعد ان اعتدل

(فتح الباری ص۲۲۷ ج۲)

ان دونوں روایتوں پر اکٹھا عمل ہوسکتا ہے، اس طرح کہ رکوع سے سر اٹھاتے وقت یہ کلمہ (سمع اللہ لمن حمدہ) شروع کرکے سیدھے ہونے تک ختم کیا جائے۔

ثالثاً بصورت دیگر یہ خرابی لازم آئے گی کہ انتقال من الرکوع الی القیام کے لیے کوئی ذکر یا تکبیر نہیں ہے۔ حالانکہ ہر انتقال کے لیے تکبیر جدا ہے اور رکوع سے اٹھنے کے لیے تکبیر کے بجاء سمع اللہ لمن حمدہ مشروع ہے۔ اب اگر سیدھے ہونے کے بعد کہیں گے تو پھر انتقال کے لیے آپ کو دوسری دعا ایجاد کرنی پڑے گی۔ جس کی بلا دلیل آپ کو اجازت نہیں ہے۔ الغرض انتقال کی دعا الگ ہے اور قیام

کی الگ۔ الحمدللہ یہ رسالہ خیر وخوبی کے ساتھ اتمام کو پہنچا۔

والحمدلله رب العالمين
والصلوٰة والسلام علىٰ
سيد المرسلين وعلىٰ آله
وصحبهٖ اجمعين وعلىٰ
اتباعهم الىٰ يوم الدين

# تعارف مکتبہ الدعوہ السلفیہ

قیام: ۱۹۸۵ء میں جمعیت اہل حدیث سندھ کے مرحوم امیر علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی کے مشورہ سے ادارہ ہذا کا قیام عمل میں آیا۔

اغراض ومقاصد:

۱۔ توحید وسنت کی ترویج۔

۲۔ صحیح عقائد پر مبنی لٹریچر کی اشاعت۔

۳۔ شرک وبدعت، باطل مذاھب، باطل عقائد و نظریات کی تردید۔

۴۔ عوام الناس کو الٰہی اور نبوی تعلیمات سے روشناس کرانا۔

۵۔ علماء حق کی عربی اور اردو تصانیف کو سندھی زبان میں منتقل کرنا۔

۶۔ خصوصاً علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفات کو مختلف زبانوں میں منتقل کرنا اور غیر مطبوعہ تصانیف کو منظر عام پر لانا۔

جائزہ:

ادارہ ہذا اپنے قیام سے لیکر اب تک مختلف موضوعات پر تقریبا ۱۲ کتب شائع کر کے عوام الناس تک پہنچا چکا ہے۔

پروگرام:

ادارہ ہذا کے سال ۹۸-۱۹۹۷ء کے اشاعتی پروگرام میں مندرجہ ذیل کتب کی ترجیحی بنیادوں پر اشاعت شامل ہے۔

۱۔ علامہ سید بدیع الدین شاہ راشدی کا غیر ملکی تبلیغی سفر نامہ

۲۔ بلوغ المرام (سندھی ترجمہ و تشریح)

**نوٹ:** ادارہ ہذا نے ایک سہ ماہی کتابی سلسلہ شروع کرنے کا پروگرام بنایا ہے، جس کا عنقریب اعلان کیا جائے گا۔

## اپیل

مندرجہ بالا پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اہل ثروت سے مالی تعاون کی درخواست ہے۔